الیکشن کمیشن آف پاکستان

اسلام آباد 9 ستمبر 2015

مقامی حکومتوں کے انتخابات برائے پنجاب

(انتخابی عملے کے لیے ضابطہ اخلاق)

نوٹیفیکیشن

نمبر-F.4(10)/2015-LGE(P):- اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کی شق (3)218 وشق 219 اور پنجاب لوکل گورنمنٹ (الیکشن) رولز، 2013 کے رُول 78 کے تحت حاصل شدہ اختیارات اور دیگر تمام حاصل اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے الیکشن کمیشن نے پنجاب میں آئندہ مقامی حکومتوں کے انتخابات اور اس کے بعد ہونے والے ضمنی انتخابات کے لئے متعین انتخابی عملے کے لئے مندرجہ ذیل ضابطہ اخلاق جاری کیا ہے جس کی پابندی متعلقہ افسران اور عملے کے لئے لازم ہوگی:۔

1- تمام انتخابی عملہ پولنگ اسٹیشن پر اپنا اصل شناختی کارڈ، سروس کارڈ اور ریٹرننگ افسر کی جانب سے موصول شدہ ڈیوٹی آرڈر ہمراہ رکھے گا۔

2- پریذائیڈنگ افسر صرف ضلعی ریٹرننگ افسر اور ریٹرننگ افسر کی طرف سے موصولہ ہدایات پر عمل کرے گا اور جہاں ضروری ہوگا الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ ہینڈ بک سے رہنمائی حاصل کرے گا۔

3- اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران اور پولنگ افسران پولنگ والے دن پریذائیڈنگ افسران کی ہدایات پر عمل کو یقینی بنائیں گے۔

4- انتخابی عملہ پولنگ والے دن وقت کی پابندی کا خیال رکھے گا اور جب تک پولنگ اسٹیشن پر تمام کاروائی مکمل نہ ہو جائے وہاں موجود رہے گا۔

5- اسسٹنٹ پریذائیڈنگ افسران اور پولنگ افسران پولنگ اسٹیشن کھولنے اور بند کرنے اور انتخابی سامان کی ترسیل میں پریذائیڈنگ افسر کی مدد کریں گے۔

6۔ اگر کسی وقت انتخابی عملے کا کوئی رکن کسی وجہ سے اپنے فرائض انجام دینے سے قاصر ہو تو فوراً اپنے پریذائیڈنگ افسر کو اطلاع دے گا/ دے گی جو فوری طور پر اس بارے میں اپنے ریٹرننگ افسر کو مطلع کرے گا/کرے گی۔

7۔ انتخابی عملہ اپنی پیشہ وارنہ ذمہ داریاں مکمل غیر جانب داری سے نبھائے گا اور تمام رائے دہندگان، امیدواروں اور ان کے ایجنٹوں، ذرائع ابلاغ کے نمائندوں اور مبصرین کے ساتھ کسی قسم کا تعصب روا نہیں رکھے گا۔

8۔ انتخابی عملہ اپنے آپ کو کسی سیاسی کاروائی یا انتخابی مہم میں ملوث نہیں کرے گا اور نہ ہی پولنگ اسٹیشن پر اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران اپنی پسند یا ترجیح کا اظہار کرے گا۔

9۔ انتخابی عملہ پولنگ اسٹیشن میں کسی رائے دہندہ کو کسی امیدوار یا سیاسی جماعت کو ووٹ دینے یا نہ دینے کا مشورہ نہیں دے گا۔

10۔ انتخابی عملہ کسی امیدوار کا نشان نہیں پہنے گا اور نہ ہی کسی قسم کا بیج لگائے گا۔

11۔ انتخابی عملہ رائے دہندگان کے حقوق کی حفاظت کرے گا اور اس بات کا اہتمام کرے گا کہ خفیہ رائے دہی کے اصول کی کسی صورت میں خلاف ورزی نہ ہو۔

12۔ پریذائیڈنگ افسر پولنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے مسائل کو فوری طور پر حل کر کے انتخابی عمل کو بلاتعطل جاری رکھنے کو یقینی بنائے گا۔

13۔ پریذائیڈنگ افسران اس بات کا خصوصی اہتمام کریں گے کہ ضعیف العمر یا بیمار رائے دہندگان اور حاملہ خواتین بغیر کسی انتظار کے اپنا حق رائے دہی استعمال کر سکیں۔ انہیں رائے دہندگان کی قطار میں سب سے آگے کھڑا کیا جائے گا۔

14۔ پریذائیڈنگ افسر اور دیگر انتخابی عملہ اس بات کا خاص خیال رکھے گا کہ بینائی سے محروم اور دیگر معذور رائے دہندگان بغیر کسی رکاوٹ یا پریشانی کے اپنا ووٹ ڈال سکیں۔ انہیں قانون کے مطابق اپنی مرضی کا مددگار رکھنے کی سہولت مہیا کی جائے گی۔

15۔ پریذائیڈنگ افسر کسی امیدوار کو پولنگ اسٹیشن کے اندر یا پولنگ اسٹیشن سے باہر 200 میٹر کی حدود میں انتخابی مہم نہیں چلانے دے گا۔

16۔ پریذائیڈنگ افسر ایسے انتخابی مبصرین اور ذرائع ابلاغ کے نمائندوں کو پولنگ اسٹیشن کے اندر آنے کی اجازت دے گا جن کے پاس الیکشن کمیشن یا کسی دیگر مجاز افسر کا اجازت نامہ ہو۔ تاہم ایسے افراد کو انتخابی عمل میں مداخلت کرنے یا ووٹنگ اسکرین تک جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

بحکم الیکشن کمیشن

Fida 9.9.2015

(فدا محمد)

ایڈیشنل سیکریٹری

I. Copy forwarded for information to the:

(1) Secretary to the President, Aiwan-e-Sadar, Islamabad.
(2) Secretary to the Prime Minister, Prime Minister's Secretariat, Islamabad.
(3) Secretary, Establishment Division, Islamabad.
(4) Secretary, Cabinet Division, Islamabad.
(5) Secretary, Ministry of Defence, Rawalpindi.
(6) Secretary, Ministry of Parliamentary Affairs, Govt. of Pakistan, Islamabad.
(7) Secretary, Ministry of Interior, Government of Pakistan, Islamabad.
(8) Chief Secretary, Government of the Punjab, Lahore.
(9) Secretary, Local Government & Community Development Department, Government of the Punjab, Lahore.

II. Copy forwarded to the Provincial Election Commissioner, Punjab, Lahore for dissemination to all concerned.

III. Copy also forwarded to the:

(1) Protocol Officer to Hon'ble CEC.
(2) PS to Hon'ble MEC-I, II, III & IV.
(3) SPS to Secretary.
(4) PS to Additional Secretary (Training).
(5) PA to Additional Secretary (Admn.)
(6) All officers of ECP, Secretariat.
(7) Deputy Director (Web) for uploading the same on ECP's website.

} ECP Secretariat, Islamabad.

Irfan Kausar

(Irfan Kausar)
Deputy Director (LGE-P)